بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ + عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

روزنامہ

الفضل

ربوہ

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

فون ۴۴۹

جلد نمبر ۷۲/۳۷ | جمعہ ۱۶ ربیع الاول ۱۴۰۴ھ ؛ ۲۲ فتح ۱۳۶۲ ہش : ۲۲ دسمبر ۱۹۸۳ء | نمبر ۲۸۹

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اخبار احمدیہ

حضرت سیدہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت کے متعلق

تازہ اطلاع ○ (مورخہ ۲۱ دسمبر ۱۹۸۳ء)

کل رات سے طبیعت زیادہ خراب ہے۔ پیٹ میں تکلیف ہے اور بلڈ پریشر بھی بڑھا ہوا ہے

احباب کرام خاص توجہ اور التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ ممدوحہ کو صحت کامل عطا کرے اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے آمین

جلسہ سالانہ کے موقع پر مہمانوں کے قیام اور طعام کے انتظامات میں غیر معمولی اضافہ

چار نئے گیسٹ ہاؤس تعمیر کئے گئے، ایک لنگر خانہ نیا بنا، دو میدانوں میں چار سو زائد خیمے لگائے جائیں گے

جلسہ سالانہ کے جملہ انتظامات تیزی سے تکمیل پا رہے ہیں : افسر جلسہ سالانہ

ربوہ ۲۰ فتح / دسمبر: دو لاکھ سے زائد مہمانوں کے قیام و طعام اور جلسہ امور کی نگہداشت کے ذمہ دار ادارے کے سربراہ افسر جلسہ سالانہ محترم چوہدری حمید اللہ صاحب نے بتایا ہے کہ جلسہ سالانہ کے جملہ انتظامات بڑی تیزی کے ساتھ تکمیل کے آخری مرحلے میں داخل ہو گئے ہیں اور جلسہ سالانہ کے چودہ سات ہزار رضاکار کارکن مسیح پاک کے مہمانوں کا استقبال کرنے کے لئے پوری طرح تیار اور مستعد ہیں۔

انہوں نے ایک ملاقات میں نمائندہ الفضل کو بتایا خلافت رابعہ کے بابرکت دور کے اس دوسرے جلسہ سالانہ کے موقع پر ربوہ میں مہمانوں کی خدمت کے انتظامات میں بہت وسعت ہوئی ہے اس کی تفاصیل بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مہمانوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر مہمانوں کے قیام کے لئے امسال جو نئی عمارات بنائی گئی ہیں وہ یہ ہیں

محلہ دارالنصر غربی میں لنگر خانہ سے ملحق چھ بڑے کمرے برائے اجتماعی قیام گاہ مردانہ۔ یہ کمرے ۴۰ × ۲۸ فٹ کے ہیں۔ مدرسۃ الحفظ سے ملحق وسیع میدان میں نیا کیمپنگ گراؤنڈ بنایا گیا ہے جس میں دو سو خیمے لگائے جا رہے ہیں ان کے ساتھ غسلخانہ اور فلش والی لیٹرین مستقل طور پر استعمال میں آنے کے لئے پکی بنا دی گئی ہیں۔ اس جگہ پر میٹھا پانی پہنچانے کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔ مہمانوں کی آمد میں کثرت سے اضافہ کے پیش نظر امسال پہلی بار دارالرحمت وسطی کے درمیانی کھلے میدان میں فیملیز کے قیام کے لئے شامیانے لگائے جا رہے ہیں۔

افسر صاحب جلسہ سالانہ نے بتایا کہ امسال سلسلے کی جو عمارات مکمل ہوئی ہیں ان کی وجہ سے بھی مہمانوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کو قیام گاہ مہیا ہو سکے گی۔ چنانچہ امسال غیر معمولی تعداد میں دفتری عمارات مکمل ہو گئی ہیں۔ دفتر صد سالہ جوبلی فنڈ مکمل ہو گیا ہے اس میں دس کمرے ہیں۔ عملاً چار نئے گیسٹ ہاؤس بنے ہیں جس کی شکل یہ ہے کہ مجلس انصار اللہ مرکزیہ نے اپنے گیسٹ ہاؤس میں توسیع کی ہے اور چار نئے بیڈ روم تعمیر کئے ہیں۔ خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے بھی اپنے گیسٹ ہاؤس کی دوسری منزل مکمل کر لی ہے جس میں تین بیڈ روم اور دو بڑی ڈارمیٹریز ہیں۔ مجلس وقف جدید نے آٹھ بیڈ روم کا بالکل نیا گیسٹ ہاؤس تعمیر کیا ہے۔ یہ ایک حد تک زیر تکمیل ہے مگر جلسہ سالانہ پر مہمانوں کے لئے دستیاب ہو سکے گا۔ اسی طرح سے دارالضیافت کے جدید بلاک میں دوسری منزل نئی تعمیر کی گئی ہے اس میں ڈرائنگ روم اور ڈائننگ روم کے علاوہ ۱۲ بیڈ روم ہونگے۔

محترم چوہدری حمید اللہ صاحب نے کہا کہ مہمانوں کے قیام کے لئے جگہ کی تنگی ہر سال ہی محسوس ہوتی ہے۔ مہمانوں کی تعداد میں ہر سال جس رفتار سے اضافہ ہو رہا ہے اس رفتار سے عمارتیں اور مکانات میسر نہیں آ رہے۔ اس لئے خیموں پر انحصار زیادہ کرنا پڑ رہا ہے۔ چنانچہ اس سال دو نئے میدانوں میں چار سو خیمے لگائے جا رہے ہیں۔

مہمانوں کو کھانا کھلانے کے انتظامات میں وسعت کے بارے میں افسر جلسہ سالانہ نے بتایا کہ اس سال روٹی پکانے کی چودہ نئی مشینیں بنوائی گئی ہیں۔ ایک نیا لنگر خانہ دارالرحمت شرقی میں تعمیر کیا گیا ہے۔ جس میں بیک وقت بیس ہزار مہمانوں کا کھانا تیار کرنے کی گنجائش ہے۔ امسال دو نئی مشینیں پیڑے بنانے کے لئے تیار کی گئی ہیں۔ پچھلے سال اس کا تجربہ کیا گیا تھا جو ایک حد تک کامیاب تھا امسال ایک لنگر خانہ میں پیڑے اس مشین کے ذریعے تیار کئے جائیں گے۔ اسی طرح سے روٹی پکانے کی ایک آٹومیٹک مشین بھی بنائی گئی ہے جو ابھی تجرباتی مراحل میں ہے اس میں گندھا ہوا آٹا ڈالا جائے گا اور اس کے بعد پکی ہوئی روٹی دستیاب ہو سکے گی۔ یہ مشین کراچی کے ایک احمدی انجینئر مکرم منیر احمد خان صاحب نے تیار کی ہے اس کو ابھی تجرباتی طور پر اس جلسہ سالانہ میں استعمال کیا جائے گا۔

محترم چوہدری حمید اللہ صاحب نے بتایا کہ جلسہ سالانہ کے موقع پر پرہیزی لنگر خانے سمیت ۹ لنگر خانے کام کریں گے ان کے لئے اجناس وغیرہ خریدنے کا کام مکمل ہو چکا ہے

جلسہ سالانہ کے دیگر انتظامات کا ذکر کرتے ہوئے محترم چوہدری حمید اللہ صاحب نے بتایا کہ پرانی قیام گاہوں اور محلوں میں پہنچا دی گئی ہے۔ عارضی بیوت الخلاء تعمیر کرنے کا کام مکمل ہو گیا ہے۔ خیمے تیزی سے لگائے جا رہے ہیں۔ یہ کام بھی ایک دو روز میں مکمل ہو جائیگا انشاء اللہ! جلسہ سالانہ کے رضاکار کارکنوں کی ڈیوٹیاں لگا دی گئی ہیں۔ ڈیوٹی چارٹ چھپ گیا ہے اور یہ سات ہزار کارکن ۲۲ دسمبر سے باقاعدہ ڈیوٹیاں سنبھال لیں گے۔

محترم چوہدری صاحب نے احباب جماعت سے درخواست کی کہ وہ اپنی دعاؤں میں جلسہ سالانہ کی کامیابی کے لئے ضرور دعائیں کریں تاکہ جلسہ سالانہ ہر جہت سے بابرکت ہو اور جلسہ کے جملہ انتظامات باحسن انجام پائیں!

جلسہ سالانہ اور ہمارا فرض

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

"ہمارا دینی منصب بہت بلند ہے ہمیں کوشش بہر حال یہ کرنی چاہیئے کہ یہ اجتماعات جماعت احمدیہ کی حقیقی روح کا مظہر بنیں۔ جلسہ کے دوران ہمارے بازار ایک امتیازی شان رکھیں۔ لوگ ان کو دیکھ کر یہ محسوس کریں کہ یہ مختلف قسم کے انسانوں کے بازار ہیں عام شہروں کے بازار نہیں ہیں۔ یہ اجتماع کچھ عجیب سی مخلوق کا اجتماع ہے جو دنیا میں رہتے ہوئے بھی دنیا سے الگ ہے پس جب تک ہر دیکھنے والے کے دل میں یہ احساس پیدا نہیں ہوتا ہم اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہیں۔" (الفضل ۱۸ دسمبر ۱۹۸۲ء) (نظارت اصلاح و ارشاد)

چندہ صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ

"میں ۵۴ ممالک کی جماعتوں سے جنہوں نے وعدے لکھوائے ہیں اور جو ادائیگیاں کر رہے ہیں۔ کہتا ہوں کہ تھوڑا سا زور اور لگا دیں تاکہ وعدے جلد از جلد پورے ہو سکیں اور غلبۂ اسلام کی مہم کو آگے بڑھانا ممکن ہو سکے۔" (حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ)

(صدر صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل ربوہ

۱۶ ربیع الاول ۱۴۰۴ھ
۲۲ فتح ۱۳۶۲ ہش

خدا شناسی کا سب سے اہم ذریعہ

وسیع و عریض کائنات، اس کا محکم و ابلغ نظام، کائنات کا ذرہ ذرہ اور اس میں پوشیدہ خواص اور طاقتیں، یہ سب چیزیں اللہ تعالیٰ کی ہستی کا زبردست ثبوت ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اپنی صفت خلق کے ان مظاہر کو اپنی ہستی کے ثبوت کے طور پر پیش کیا ہے۔ مثال کے طور پر اللہ تعالیٰ زمین و آسمان کی پیدائش اور اس میں پوشیدہ طاقتوں کو اپنی ہستی کے ثبوت کے طور پر پیش کرتے ہوئے فرماتا ہے:۔

اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ اَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ۝ (النمل آیت ۶۱)

ترجمہ:۔ (بتاؤ تو) آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے؟ اور (کس نے) تمہارے لئے بادل سے پانی اُتارا ہے اور پھر اُس (پانی) کے ذریعہ سے ہم نے خوبصورت باغ نکالے ہیں۔ تم ان باغوں کے درخت نہیں اُگا سکتے تھے۔ کیا اللہ کے سوا اور کوئی معبود ہے؟ (جو سب کائنات کا پیدا کرنے والا اور اس کے نظام کو چلانے والا ہے) لیکن یہ کافر) ایسی قوم ہیں جو اُس کے شریک بنا رہے ہیں۔

پھر اللہ تعالیٰ خاص طور پر کرۂ ارض اور اس میں پائی جانے والی چیزوں اور ان میں انسانوں کے لئے پائے جانے والے فائدوں کو اپنی ہستی کے ثبوت کے طور پر پیش کرتے ہوئے مزید فرماتا ہے:۔

اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّ جَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّ جَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَ جَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ (النمل آیت ۶۲)

ترجمہ (بتاؤ تو) کس نے زمین کو ٹھہرنے کی جگہ بنایا ہے اور اس کے بیچ میں دریا چلائے ہیں اور اس کے (فائدہ) کے لئے پہاڑ بنائے ہیں اور دو سمندروں کے درمیان (جن میں سے ایک میٹھا اور ایک کھاری ہوتا ہے) ایک روک بنائی ہے۔ کیا اللہ کے سوا کوئی اور معبود ہے؟ لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان میں سے اکثر جانتے نہیں۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ نے خشکی اور تری میں پائے جانے والے خطرات سے نجات کے مخفی سامانوں اور ان کی کارفرمائی کو اپنی ہستی کے ثبوت کے طور پر پیش کیا ہے۔ چنانچہ فرماتا ہے:۔

اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ وَ مَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ (النمل آیت ۶۴)

ترجمہ:۔ (بتاؤ تو) وہ کون سی ہستی ہے جو خشکی اور سمندر کے اندھیروں میں تمہیں راہِ نجات دکھاتی ہے اور وہ کون ہے جو اپنی رحمت کے نزول سے پہلے ہواؤں کو خوشخبری کے طور پر بھیجتا ہے۔ کیا اس (قادرِ مطلق) اللہ کے سوا کوئی اور معبود بھی ہے؟ اللہ کی شان اس شرک سے جو یہ کرتے ہیں بہت بلند و بالا ہے۔

اسی پر بس نہیں اللہ تعالیٰ نے پیدائش کے آغاز اور اس کے تسلسل اور زمین اور آسمان سے رزق کی فراہمی کا بھی ذکر کیا ہے اور اسے بھی اپنی ہستی کے ثبوت کے طور پر پیش کیا ہے۔ چنانچہ فرماتا ہے:۔

اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ (النمل آیت ۶۵)

ترجمہ:۔ (بتاؤ تو کہ) وہ جو پہلی دفعہ پیدا کرتا ہے اور پھر پیدائش کے سلسلہ کو جاری کرتا ہے اور جو آسمان اور زمین سے تمہیں رزق دیتا ہے، کیا اس (قادرِ مطلق) اللہ کے سوا کوئی اور معبود بھی ہے؟ کہہ دے کہ اگر تم سچے ہو تو اپنی دلیل پیش کرو (اس بات کے ثبوت میں کہ اس کے ثانی اور بھی ہیں)

ان سب آیات میں اللہ تعالیٰ نے اس کائنات، اس میں جاری و ساری محیر العقول نظام اور اس کی ایک ایک شئے اور اُس میں پوشیدہ خواص اور انسانوں پر اپنے احسانوں کو اپنی وراء الوراء ہستی اور غیر محدود قدرتوں کے ثبوت کے طور پر نہایت ہی پُر اثر انداز میں پیش کیا ہے اور اس طرح دہریوں اور مشرکوں پر ان کی غلطی کو بہت ہی پُر حکمت طریق پر آشکار کیا ہے۔ لیکن بالعموم ایسے لوگ کج بحثی سے کام لیتے ہوئے ایسے واضح اور بیّن ثبوتوں کو خاطر میں نہیں لاتے۔ دہریے تو یہ کہہ کر کہ یہ نظام ازل سے از خود خوش اسلوبی سے چلتا چلا آرہا ہے اسے بنایا کسی نے نہیں اللہ تعالیٰ کی ہستی کے انکار پر مصر رہتے ہیں، اور مشرک بلا وجہ یہی رٹ لگائے جاتے ہیں کہ اس کائنات کو فلاں دیوتا یا دیوتاؤں نے پیدا کیا ہے اور وہ سب مل کر اس کے نظام کو چلا رہے ہیں۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ اور بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ کہہ کر ان کی کج بحثی، غلط اندازِ فکر اور مجرمانہ ذہنیت کی طرف اشارہ کیا ہے۔

انہی آیات کے درمیان میں اللہ تعالیٰ نے اپنی ہستی اور قدرتوں کا ایسا زبردست ثبوت پیش کیا ہے کہ جس کی صداقت کو ہر دہریہ اور مشرک اگر چاہے تو بآسانی پرکھ سکتا ہے اور خدا تعالیٰ کی ہستی کا قائل ہو سکتا ہے وہ ثبوت کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ اس کا ذکر کرتے ہوئے فرماتا ہے:۔

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَ يَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَ يَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ (النمل آیت ۶۳)

ترجمہ:۔ (نیز بتاؤ تو) کون ہے جو کسی بے کس کی دُعا کو سنتا ہے جب وہ اُس (یعنی خدا) سے دعا کرتا ہے اور اُس کی تکلیف کو دُور کر دیتا ہے۔ اور تمہیں (یکے بعد دیگرے) ملک کا حاکم بناتا ہے۔ کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور خدا بھی ہے (جو ایسا کر سکتا ہو) تم بہت ہی کم نصیحت حاصل کرتے ہو۔

جہاں اللہ تعالیٰ نے تخلیقِ کائنات اور اس کے محیر العقول نظام کو اپنی ہستی اور غیر محدود طاقتوں اور قدرتوں کے ثبوت کے طور پر پیش کیا ہے وہاں اس نے قبولیت دعا کی شکل میں ایک ایسا ثبوت پیش فرمایا ہے جس کا ہر شخص خود ذاتی طور پر تجربہ کر کے اُس کی ہستی پر ایمان لا سکتا ہے۔ اس ذاتی تجربہ کے بعد اُس کے لئے اس امر کے سوا کوئی چارہ ہی نہیں رہتا کہ وہ اس بات پر بھی دلی یقین کے ساتھ ایمان لائے کہ یہ وسیع و عریض کائنات اور اس کا محیر العقول نظام خدائے قادرِ مطلق اور واحد و لاشریک کا ہی پیدا کردہ ہے اور وہی اس کو چلا رہا ہے۔

اسی لئے ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت مسیح موعودؑ نے دعاؤں کی قبولیت کو خدا شناسی کا ایک زبردست ذریعہ قرار دیا ہے اور یہاں تک فرمایا ہے کہ ہمارا خدا تو پہچانا ہی اس امر سے جاتا ہے کہ وہ اپنے بندوں کی دردبھری دُعاؤں کو سُنتا اور اُنہیں قبول فرماتا ہے۔ چنانچہ آپ قبولیتِ دعا کو خدا شناسی کا سب سے اہم ذریعہ قرار دیتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

۱۔ "جو دعا سے مُنکر ہے وہ خدا سے منکر ہے۔ صرف ایک دعا ہی ذریعہ خدا شناسی کا ہے۔" (ملفوظات جلد ہفتم صفحہ ۱۰۱)

۲۔ "دعا خدا تعالیٰ کی ہستی کا زبردست ثبوت ہے۔ چنانچہ خدا تعالیٰ ایک جگہ فرماتا ہے۔ وَ اِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ یعنی جب میرے بندے تجھ سے سوال کریں کہ خدا کہاں ہے اور اس کا کیا ثبوت ہے۔ تو کہہ دے کہ وہ بہت ہی قریب ہے اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ جب کوئی دعا کرنے والا مجھے پکارتا ہے تو میں اسے جواب دیتا ہوں۔ یہ جواب کبھی رؤیاءِ صالحہ کے ذریعہ ملتا ہے اور کبھی کشف اور الہام کے واسطے سے۔ اور علاوہ بریں دعاؤں کے ذریعے خدا تعالیٰ کی قدرتوں اور طاقتوں کا اظہار ہوتا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایسا قادر ہے کہ مشکلات کو حل کر دیتا ہے۔ غرض دعا بڑی دولت اور طاقت ہے اور (اللہ تعالیٰ نے) قرآن شریف میں جابجا اس کی ترغیب دی ہے اور ایسے لوگوں کے حالات بھی بتائے ہیں جنہوں نے دعا کے ذریعہ اپنی مشکلات سے نجات پائی۔ انبیاء علیہم السلام کی زندگی کی جڑ اور ان کی کامیابیوں کا اصل اور سچا ذریعہ یہی دعا ہے۔ پس میں نصیحت کرتا ہوں کہ اپنی ایمانی اور عملی طاقت کو بڑھانے کے واسطے دعاؤں میں لگے رہو۔" (ملفوظات جلد ہفتم صفحہ ۲۶۸)

۳۔ "اصل راہ اور گُر خدا شناسی کا دعا ہے اور پھر (انسان کو لازم ہے کہ) صبر کے ساتھ دعاؤں میں لگا رہے۔ ایک پنجابی فقرہ ہے ــــ "جو منگے سو مر رہے مرے سو منگن جا" ــــ حقیقت میں جب تک انسان دعاؤں میں اپنے آپ کو اس حالت تک نہیں پہنچا لیتا کہ گویا اس پر موت وارد ہو جاوے اس وقت تک باب رحمت نہیں کھلتا۔ خدا تعالیٰ میں زندگی ایک موت کو چاہتی ہے ..... جب طلب صادق ہوگی تو میں یقین رکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اسے محروم نہ کرے گا۔" (ملفوظات جلد ہفتم صفحہ ۳۱۳)

جُبِلَتِ الْقُلُوْبُ عَلٰى حُبِّ مَنْ اَحْسَنَ اِلَيْهَا وَ بُغْضِ مَنْ اَسَآءَ اِلَيْهَا

حدیث نبوی

فطرت میں رکھی گئی ہے دلوں کی محبت اس شخص کی جو اس کا محسن ہو اور بغض اس شخص کا جو برائی کرے ان سے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جلسہ سالانہ

کے متعلق

سیدنا حضرت مسیح موعودؑ اور حضرت مصلح موعودؓ کے ارشادات

اس بابرکت جلسہ سالانہ پر تشریف لانے والے معزز مہمانوں کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور حضرت مصلح موعودؓ نے مختلف مواقع پر زرین ہدایات ونصائح فرمائیں

ہمارا جلسہ سالانہ جو خلافت رابعہ کا دوسرا جلسہ ہے۔ چند دنوں تک مرکز سلسلہ ربوہ میں منعقد ہونے والا ہے۔ اس لئے خاکسار نے مناسب سمجھا کہ یہ ارشادات جلسہ سے قبل احباب کے سامنے آجائیں۔ تاکہ وہ ان سے مستفید ہو سکیں۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام احباب کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"ہنوز لوگ ہمارے اغراض سے واقف نہیں کہ ہم کیا چاہتے ہیں کہ وہ بن جائیں وہ غرض جو ہم چاہتے ہیں، اور جس کے لئے خدا تعالیٰ نے ہمیں مبعوث فرمایا ہے وہ پوری نہیں ہو سکتی جب تک لوگ یہاں بار بار نہ آئیں اور آنے سے ذرہ بھی نہ اکتائیں۔"

(ملفوظات جلد اول صفحہ ۴۰۵)

احباب کو خلیفۂ وقت اور مرکز سلسلہ سے تعلق رکھنا چاہیئے۔ اس کی مثال ایسے ہی ہے جیسے آگ کے نزدیک اس کی تپش بڑھتی جاتی ہے اور جوں جوں اس سے دور ہوتے چلے جائیں اس کی حرارت میں بھی کمی آتی چلی جاتی ہے۔ پس مرکز میں آنا جسم میں روحانی لحاظ سے ایک نئی روح پیدا کرتا ہے اور فیوض و برکات حاصل کرنے کا موجب بنتا ہے۔ اس جلسہ کی اہمیت کے بارے میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں۔

"اس جلسہ کو معمولی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمہ اسلام پر بنیاد ہے۔ اس سلسلہ کی بنیاد دی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کے لئے قومیں تیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی کیونکہ یہ امر قادر کا فعل ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔"

(مجموعہ اشتہارات جلد اول)

پھر دوسری جگہ فرماتے ہیں:۔

"اس جلسہ سے مدعا اور اصل مطلب یہ تھا کہ ہماری جماعت کے لوگ کسی طرح بار بار کی ملاقاتوں سے ایک ایسی تبدیلی اپنے اندر حاصل کر لیں کہ ان کے دل آخرت کی طرف جھک جائیں اور ان کے اندر خدا تعالیٰ کا خوف پیدا ہو اور وہ زہد اور خدا ترسی اور پرہیزگاری اور نرم دلی اور باہم محبت اور مواخات میں دوسروں کے لئے ایک نمونہ بن جائیں۔ انکساری اور تواضع اور راستبازی ان میں پیدا ہو اور دینی مہمات کے لئے سرگرمی اختیار کریں۔"

(شہادت القرآن)

نیز فرمایا:۔

"اس جلسہ کی اغراض میں سے بڑی غرض تو یہ بھی ہے تا ہر ایک مخلص کو بالمواجہہ دینی فائدہ اٹھانے کا موقع ملے اور ان کے معلومات دینی وسیع ہوں اور خدا تعالیٰ کے فضل و توفیق سے ان کی معرفت ترقی پذیر ہو۔"

(شہادت القرآن)

حضور علیہ السلام کے مندرجہ بالا ارشادات احباب کو مرکز سلسلہ آنے کی نصیحت کرتے ہیں اور اس کے فوائد و برکات کی وضاحت کرتے ہیں۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا مندرجہ ذیل اقتباس ان احباب پر اس جلسہ میں شامل ہونا لازم قرار دیتا ہے جو کہ مرکز میں آنے کی استطاعت رکھتے ہوں۔ حضورؑ فرماتے ہیں:۔

"سو لازم ہے کہ اس جلسہ پر جو کئی بابرکت مصالح پر مشتمل ہے ہر ایک ایسے صاحب ضرور تشریف لاویں جو زادراہ کی استطاعت رکھتے ہوں اور اپنا سرمائی بستر لحاف وغیرہ بھی بقدر ضرورت ساتھ لاویں اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی راہ میں ادنیٰ ادنیٰ حرجوں کی پرواہ نہ کریں۔ خدا تعالیٰ مخلصوں کو ہر یک قدم پر ثواب دیتا ہے اور اس کی راہ میں کوئی محنت اور صعوبت ضائع نہیں ہوتی۔"

(مجموعہ اشتہارات جلد اول)

اپنی اولاد پر ظلم:

جلسہ سالانہ کے متعلق حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی رضؓ فرماتے ہیں:۔

"ان ایام (یعنی جلسہ سالانہ کے ایام) میں مرکز سلسلہ میں آنا کسی ایسے بہانے یا عذر کی وجہ سے ترک کر دینا جسے توڑا جا سکتا ہے اور جس کا علاج کیا جا سکتا ہے صرف ایک حکم کی نافرمانی ہی نہیں بلکہ اپنی اولاد پر بھی ظلم ہے"

(الفضل ۱۸ دسمبر ۱۹۳۷ء)

مندرجہ بالا ارشادات کی روشنی میں ایسے احباب ضرور تشریف لائیں جن کے لئے آنا کوئی مشکل نہ ہو اور زادراہ کی استطاعت بھی رکھتے ہوں۔ چھوٹے موٹے عذر یا مجبوریوں کو خدا اور اس کے رسولؐ کی رضامندی حاصل کرنے کی خاطر چھوڑنا ایک بہت بڑا ثواب دہ عمل ہے۔ احباب کو کوشش کرنی چاہیئے کہ جہاں تک ممکن ہو اس جلسہ میں شامل ہوں اور اس کی برکات سے مستفید ہوں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ فرماتے ہیں:۔

"ہر وہ شخص جس کے لئے جلسہ سالانہ کے موقع پر پہنچنا ممکن ہے اگر یہاں آنے میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کا لازمی اثر اس کے ہمسایوں اور اس کی اولاد پر پڑے گا۔ میں نے دیکھا ہے کہ جو لوگ سال بھر میں ایک دفعہ بھی جلسہ سالانہ کے موقع پر آجاتے ہیں اور اپنے اہل و عیال کو ہمراہ لاتے ہیں ان کی اولادوں میں احمدیت قائم رہتی ہے۔ گو ان بچوں کو احمدیت کی تعلیم سے ابھی واقفیت نہیں ہوتی مگر وہ اپنے والدین سے ضرور کہتے رہتے ہیں کہ ابا ہمیں لے چلو۔ اس طرح بچپن میں ہی ان کے قلوب میں احمدیت گھر کرنا شروع کر دیتی ہے اور آخر بڑے ہو کر وہ احمدیت کا شاندار نمونہ قائم کرنے پر قادر ہو جاتے ہیں۔ پھر بچوں کے ذہن کے لحاظ سے بھی جلسہ سالانہ کا اجتماع ان پر بڑا اثر کرتا ہے بچہ ہمیشہ غیر معمولی چیزوں اور ہجوم سے متاثر ہوتا ہے۔ پس جلسہ پر آکر وہ نہ صرف ایک مذہبی مظاہرہ دیکھتا ہے بلکہ اپنی طبیعت کی جدت پسندی کے لحاظ سے بھی تسلی پاتا ہے اور یہ اجتماع اس کے لئے ایک دلچسپ اور یاد رکھنے والا نظارہ بن جاتا ہے۔ غرض جو باپ جلسہ پر آتے ہیں وہ اپنی اولاد کے دل میں بھی یہاں آنے کی تحریک پیدا کر دیتے ہیں اور کبھی نہ کبھی ان کے بچے کا اصرار بچے کو جلسہ پر لانے کا محرک ہو جاتا ہے۔"

(الفضل ۱۸ دسمبر ۱۹۳۷ء)

(باقی کل)

مکرم مرزا عبدالحیی صاحب چغتائی

ابن

مکرم مولوی رشید الدین صاحب چغتائی

ربوہ

معائنہ انتظامات جلسہ سالانہ

جملہ ناظمین و معاونین جلسہ سالانہ کی خدمت میں گذارش ہے کہ مہربانی فرما کر ۲۲ دسمبر ۱۹۸۳ء بوقت ۳ بجے شام احاطہ دفتر جلسہ سالانہ میں تشریف لے آئیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ انتظامات جلسہ سالانہ کا معائنہ ہوگا۔ (افسر جلسہ سالانہ)

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مجلس انصار اللہ مقامی ربوہ کے دفتر کی عمارت کا سنگِ بنیاد

ربوہ ۱۵ دسمبر ۱۹۸۳ء۔ آج اڑھائی بجے بعد دوپہر مجلس انصار اللہ مقامی ربوہ کے دفتر کی عمارت کا سنگِ بنیاد رکھا گیا۔ سب سے پہلے محترم صوفی غلام محمد صاحب ناظر اعلیٰ ثانی صدر انجمن احمدیہ نے مختصر خاصہ دعاؤں کے بعد وہ اینٹ بنیاد میں مقررہ جگہ پر رکھی جس پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کی ہوئی تھی۔ اس کے بعد محترم میجر عبدالقادر صاحب قائد عمومی انصار اللہ مرکزیہ مکرم مولوی محمد اسمٰعیل صاحب منیر قائد اصلاح وارشاد مکرم پروفیسر محمد اسلم صاحب صابر قائد تجنید محترم اللہ بخش صاحب صادق زعیم اعلیٰ انصار اللہ ربوہ مکرم ملک محمد رفیق صاحب صدر تعمیر کمیٹی۔ محترم ملک محمد سلیم صاحب (یکے از اصحاب مسیح موعود علیہ السلام) زعیم انصار اللہ دارالعلوم غربی بلاک لیڈران چوہدری اللہ بخش صاحب۔ مولوی سلطان احمد صاحب پیر کوٹی۔ خواجہ برکات احمد صاحب اور چوہدری مقبول احمد صاحب کے علاوہ موقعہ پر موجود ارکان مجلس عاملہ اور زعماء حلقہ جات اور مکرم ملک اللہ بخش صاحب انچارج دفتر انصار اللہ مقامی نے باری باری ایک ایک اینٹ رکھی۔ اس کے بعد مکرم صوفی غلام محمد صاحب نے اجتماعی دعا کرائی۔ دعا کے بعد شیرینی تقسیم کی گئی۔

یاد رہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نے کچھ عرصہ قبل مجلس انصار اللہ مقامی ربوہ کو دفتر کی تعمیر کے لئے گول بازار کے عقب میں دفتر مجلس خدام الاحمدیہ مقامی سے جانب شمال متصل ایک قطعہ زمین عطا فرمایا تھا۔ مگر بعض ناگزیر وجوہات کی بناء پر ابھی دفتر تعمیر نہیں ہو سکا تھا۔ ماہ اگست ۱۹۸۳ء میں دفتر کی دو منزلہ عمارت کا پروگرام بنایا گیا اور مجلس مقامی سے اس کے لئے چندہ کی اپیل کی گئی انصار اللہ ربوہ نے بڑے جوش وخروش سے اس کارِ خیر میں حصہ لیا اور عطیات بصورت نقد و وعدہ اس مد میں دیئے۔ فجزاھم اللہ احسن الجزاء

فی الحال دفتر کی عمارت کی پہلی منزل جو ایک بڑے کمرہ (۲۳×۳۰) دو چھوٹے کمرے (ہر یک ۱۱×۱۲) کچن باتھ روم اور گیراج پر مشتمل ہوگی تعمیر کی جائے گی۔ تعمیر کی نگرانی مکرم ملک محمود احمد صاحب ریٹائرڈ انجینئر ریلویز فرمائیں گے۔ سنگِ بنیاد سے قبل ایک بکرا بطور صدقہ ذبح کیا گیا۔

احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مجلس انصار اللہ ربوہ کو اس عمارت کی تکمیل کی توفیق بخشے اور اسے ہر جہت سے مبارک اور مفید بنائے آمین

بچوں کے جیبی کارڈ

جلسہ سالانہ کے دوران ہجوم خلق کے باعث کئی بچے والدین سے بچھڑ جاتے ہیں اور والدین نیز خود بچے بہت پریشان ہوتے ہیں۔ لہٰذا ضروری ہے کہ احباب کرام اپنے بچوں کی جیب میں ایسے کارڈ ڈالے رکھیں جن پر بچے کا نام۔ ولدیت اور ربوہ میں رہائش کا پتہ درج ہو۔ آپ کی سہولت کے لئے ایسے جیبی کارڈ تیار کرائے گئے ہیں جو جلسہ کے ایام میں آپ کو

- دفتر معلومات۔ ناظم خدمت ریلوے اسٹیشن اور ناظم خدمت اڈہ لاریاں سے مل سکتے ہیں

دفتر معلومات آپ کی خدمت کے لئے انشاء اللہ ۲۲ دسمبر سے باقاعدہ دن رات ہر وقت کھلا رہے گا۔

(ناظم معلومات وگمشدہ اشیاء)

نمایاں کامیابی ودرخواست دُعا

مکرم عمران لطیف شرما ابن عبداللطیف صاحب شرما بی فارمیسی فائنل پروفیشنل کے امتحان میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے سندھ یونیورسٹی جام شورو میں دوم قرار دیئے گئے۔ یہ حضرت شیخ عبدالرحیم صاحب شرما مرحوم کے پوتے ہیں۔

احباب جماعت سے درخواست ہے کہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ عزیز کو اپنے مزید فضلوں سے نوازے اور مستقبل میں بھی نمایاں کامیابیاں عطا فرماتا چلا جائے اور دین کا حقیقی اور انتھک خادم ثابت فرمائے۔ (آمین)۔

ڈاکٹر عقیل بن عبدالقادر حیدرآباد

نمایاں کامیابی وگولڈ میڈل

میری بیٹی عزیزہ مکرمہ رفعت یاسمین پاکستان نرسنگ بورڈ کے فائنل ایئر کے امتحان میں ۶۰۰/۴۴۴ نمبر حاصل کر کے بورڈ بھر میں تیسری اور پاکستان بھر کے ملٹری ہسپتالوں میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ نیز عزیزہ کو آل راؤنڈ بہترین سٹوڈنٹ قرار دیا گیا۔ اور آرمڈ فورسز میڈیکل کالج راولپنڈی کی طرف سے بلقیس فاطمہ گولڈ میڈل کی حقدار قرار دیا گیا۔ افراد خاندان حضرت مسیح موعود اور بزرگان سلسلہ سے درخواستِ دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ یہ کامیابی میری بیٹی کو مبارک کرے اور مزید کامیابیاں نصیب ہوں مستقبل شاندار ہو۔ آمین

(صوبیدار میجر سٹینو فخر اقبال شبلی۔ بلوچ رجمنٹ سنٹر ایبٹ آباد)

نمایاں کامیابی

پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن لاہور کے رزلٹ گزٹ کے مطابق الشفیق ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر ربوہ کے طالب علم مکرم راناعبدالغفور صاحب آف باب الابواب ربوہ رول نمبر ۵۷ نے فسٹ ایئر ووکیشنل فار بوائز کے سالانہ امتحان منعقدہ اگست ۱۹۸۳ء میں ۸۶۷/۱۰۰۰ نمبر حاصل کر کے الیکٹریشن ٹریڈ میں اوّل پوزیشن حاصل کی ہے۔ اور اسی طرح مکرم میر لئیق محمود طاہر صاحب ابن میر مظہر احمد صاحب طاہر آف پسرور (حال ربوہ) رول نمبر ۷۱ نے اسی امتحان میں ۵۵۵/۱۰۰۰ نمبر حاصل کر کے ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشنگ ٹریڈ میں سیکنڈ پوزیشن حاصل کی ہے۔ ادارہ ہذا پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کی طرف سے دو سالہ ووکیشنل ریگولر کورسز کی منظوری ملنے کے بعد یہ پہلا امتحان تھا۔

(محمد شفیق پرنسپل الشفیق انسٹی ٹیوٹ ربوہ)

رسالہ ریویو آف ریلیجنز

احبابِ جماعت کیلئے ایک ضروری اطلاع

جلسہ سالانہ پر رسالہ جنوری ۱۹۸۴ء کا شمارہ بھی انشاء اللہ تعالیٰ شائع ہو جائے گا۔ اس کے تمام خریدار احباب جنوری کا شمارہ عارضی دفتر نزد جلسہ گاہ مردانہ سے حاصل کر سکتے ہیں۔

نئے بننے والے خریدار احباب دسمبر ۱۹۸۳ء اور جنوری ۱۹۸۴ء دونوں شمارے دفتر سے حاصل کر سکتے ہیں۔

(مینیجر رسالہ ریویو آف ریلیجنز)

دفتر معلومات، فوری امداد گمشدہ اشیاء

جلسہ سالانہ کے موقعہ پر خدا تعالیٰ کے فضل سے احباب بڑی کثرت سے مرکز سلسلہ میں تشریف لاتے ہیں اس ہجومِ خلق کے باعث بعض دفعہ کئی چیزیں نادانستہ طور پر تبدیل ہو جاتی ہیں یا گم ہو جاتی ہیں اس لئے جملہ احباب سے درخواست ہے:۔

- کوئی چیز تبدیل ہو جانے، لاپتہ یا گم ہو جانے پر فوراً دفتر معلومات میں رپورٹ درج کروائیں۔
- اگر آپ کو نقدی وغیرہ کوئی گمشدہ چیز ملے تو بحفاظت دفتر معلومات میں پہنچا دیں
- اپنی نقدی، قیمتی زیورات اور دیگر اشیاء کی خود حفاظت فرمادیں۔
- اپنے کمسن بچے اپنی نظروں سے اوجھل نہ ہونے دیں۔ بچوں کا شناختی جیبی کارڈ پُر کر کے بچے کی جیب ڈالے رکھیں۔ ایسے کارڈ دفتر معلومات سے حاصل فرمادیں۔

دفتر معلومات آپ کی خدمت کے لئے ۲۲ دسمبر سے باقاعدہ کام شروع کر دے گا اور دن رات کھلا رہے گا۔

(ناظم معلومات، فوری امداد وگمشدہ اشیاء)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بابرکت تقریبِ شادی

مکرم محمد یونس صاحب خالد مربی سلسلہ کی شادی کی تقریب مورخہ ۲۰ نومبر کو منعقد ہوئی۔ بارات مکرم میاں خوشی محمد صاحب کے مکان واقع دارالعلوم جنوبی سے مکرم محمد انور صاحب کارکن نظارت امور عامہ کے گھر واقع دارالیمن گئی۔ جہاں تقریب رخصتانہ عمل میں آئی۔ اس تقریب میں مکرم مولوی محمد اسمٰعیل صاحب اسلم نے دعا کروائی۔

اگلے روز ۲۱ نومبر بوقت دوپہر دعوت ولیمہ منعقد ہوئی جس میں ازراہ شفقت سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ نے شرکت فرمائی۔ نیز مکرم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد مکرم ملک سیف الرحمٰن صاحب مفتی سلسلہ۔ مکرم مرزا عبدالحق صاحب امیر سوبائی اور خواتین مبارکہ میں سے حضرت سیدہ مریم صدیقہ صاحبہ اور محترمہ سیدہ امۃ الباسط صاحبہ نے بھی شرکت فرمائی۔

ولیمہ کے اختتام پر حضور انور نے اس رشتہ کے بابرکت ہونے کے لئے دعا کروائی۔ مکرم محمد یونس صاحب مربی سلسلہ کا نکاح ہمراہ مکرمہ منصورہ بیگم صاحبہ بنت مکرم چوہدری محمد انور صاحب ۷ اپریل ۸۲ء کو محترم مولانا عبدالمالک خان صاحب (مرحوم) نے مسجد مبارک میں پڑھایا تھا۔

جملہ احباب کرام سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے خاص فضل سے اس رشتہ کو ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین۔

اعلانِ نکاح

● - میرے برادر نسبتی عزیزم چوہدری محمود احمد صاحب آف سنور حال لطیف آباد حیدرآباد سندھ کی صاحبزادی عزیزہ سمیعہ تبسم کا نکاح عزیزم جاوید اختر ابن چوہدری غلام رسول صاحب لدھیانوی (مرحوم) خان پور ضلع رحیم یار خان کے ہمراہ مکرمی محترمی حکیم نذیر احمد صاحب ریحان مربی سلسلہ لطیف آباد نے بعوض مبلغ بارہ ہزار روپے مورخہ ۲۵ نومبر ۱۹۸۳ء کو لطیف آباد میں پڑھا۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔ اعلانِ نکاح کے بعد تقریب رخصتانہ دعا پر اختتام پذیر ہوئی جس میں امیر صاحب جماعت مقامی کے علاوہ متعدد احباب جماعت نے ازراہِ نوازش شرکت فرمائی۔ احباب دعا کریں کہ یہ رشتہ اللہ تعالیٰ جانبین کے لئے بابرکت فرمائے اور ثمرات حسنہ سے نوازے۔

(محمد یوسف خان 27۔ سکول روڈ F-8/3 اسلام آباد)

● - مورخہ ۹ دسمبر بروز جمعہ کو میرے لڑکے میاں نیاز احمد کا نکاح بعوض ۵۰۰۰/- روپیہ حق مہر پر عزیزہ منورہ بیگم دختر میاں عزیز احمد صاحب پلیڈر چنیوٹ کے ساتھ ہوا برات موضع سمندر نزد تھانہ بھوانہ گئی اور اسی روز واپس بخیریت پہنچ گئی۔ دوسرے روز دعوت ولیمہ منعقد ہوئی۔ محترم صاحبزادہ مرزا فرید احمد صاحب نے دعا کرائی۔

قارئین کی خدمت میں التماس ہے کہ دعا کریں کہ یہ رشتہ فریقین کے درمیان بابرکت ہو۔

(میاں ظہور احمد ۳۶/۱۱ فیکٹری ایریا۔ ربوہ)

درخواستِ دعا

۱۔ میرے ماموں محترم مرزا نذیر احمد صاحب 54 فاران سوسائٹی کراچی نمبر ۵ گزشتہ ایک ماہ سے بخار اور کمزوری کی وجہ سے بیمار اور صاحب فراش ہیں۔ ڈاکٹروں نے مکمل علاج کا مشورہ دیا ہے۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ماموں جان کو صحت وسلامتی سے رکھے اور کام کرنے والی زندگی عطا فرمائے آمین

(مرزا منور احمد 57/C صغیر سنٹر بلاک نمبر ۱۶ ۔ F ایریا کراچی ۳۸)

۲۔ میرے بڑے بھائی جان محمد سعید صاحب رمزی دو ماہ قبل پشاور کے قریب ایک حادثہ میں شدید زخمی ہو کر سی۔ ایم۔ ایچ راولپنڈی میں زیر علاج ہے ہیں۔ اگرچہ وہ اپنے گھر کراچی آچکے ہیں مگر ایک ماہ تک پلستر ٹانگ پر لگا رہے گا۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ انہیں مکمل صحت عطا کرے۔ اور آئندہ ہر قسم کی پریشانیوں سے محفوظ رکھے آمین

(محمد رشید بی۔ 4 پارک ویو اپارٹمنٹ بلاک نمبر ۱۔ گلشن اقبال کراچی)

مصباح کے سالانہ نمبر کی چند جھلکیاں

جلسہ سالانہ کے موقع پر حسب سابق مصباح کا باتصویر سالانہ نمبر شائع ہو رہا ہے جو اہم خصوصیات کا حامل ہوگا۔ مثلاً

۱۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کی اس غیر مطبوعہ تقریر کا مکمل متن جو حضور نے لجنہ اماء اللہ کے سالانہ اجتماع ۱۹۸۳ء میں ارشاد فرمائی۔

۲۔ کراچی اور لاہور کی مجلس سوال وجواب میں حضور نے خواتین کے ضروری سوالات کے جو نہایت اہم اور ایمان افروز جوابات ارشاد فرمائے ان کی چند جھلکیاں

۳۔ محترمہ طاہرہ صدیقہ ناصر صاحبہ (حرم حضرت خلیفۃ المسیح الثالث) کی پردہ کے موضوع پر اہم تقریر۔ اور اسلامی پردہ کے ساتھ یورپ میں اعلیٰ تعلیم کے حصول کا ایک قابلِ فخر تجزیہ کے موضوع پر محترمہ ڈاکٹر امۃ المجیب صاحبہ کا ایک مضمون

۴۔ محترمہ صاحبزادی امۃ القدوس صاحبہ۔ صاحبزادی امۃ الشکور صاحبہ۔ مکرم عبدالمنان صاحب ناہید۔ محترمہ شاکرہ صاحبہ اور محترمہ ڈاکٹر فہمیدہ منیر صاحبہ کی غیر مطبوعہ نظمیں

۵۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے سفر مشرق بعید کی چند تصاویر اور قادیان کے مقامات مقدسہ کی بعض تاریخی تصویریں۔

لجنات اور خریداران مطلوبہ تعداد سے جلد مطلع فرمائیں۔

(مدیر مصباح ربوہ)

لجنات متوجہ ہوں

ایک ضروری میٹنگ ۲۶ اور ۲۷ دسمبر کی درمیانی رات ۷½ بجے زنانہ جلسہ گاہ کی سٹیج پر منعقد ہوگی۔ ہر لجنہ کی صرف صدر یں اور سیکرٹریان شامل ہوں۔

(صدر لجنہ مرکزیہ ربوہ)

سیکرٹریانِ مال وقف جدید جماعت ہائے احمدیہ پاکستان سے

ایک ضروری گزارش

وقف جدید کا سال بفضل تعالیٰ ۳۱ دسمبر سے ختم ہو رہا ہے۔ اس لئے چندہ وقف جدید کی تفاصیل درکار ہیں۔ بہت سی جماعتوں نے چندہ وقف جدید ارسال کرتے وقت یہ نہیں بتایا کہ ارسال کردہ چندہ میں اطفال وناصرات یعنی دفتر اطفال کا چندہ کس قدر ہے آپ سے عاجزانہ التماس ہے کہ اولین فرصت میں تفاصیل سے دفتر وقف جدید کو آگاہ فرمائیں۔ کوپن نمبر بھی لکھیں۔

اور اگر چندہ وقف جدید دفاتر اطفال یا ان کی کچھ رقوم آپ کے پاس جمع ہو وہ تو اس کی مرکز میں فوری ترسیل کا انتظام کریں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

(سیکرٹری وقف جدید اطفال احمدیہ مرکزیہ)

گمشدہ اشیاء اور بچوں کی حفاظت

جلسہ سالانہ کے پرہجوم ایام میں بعض اوقات بچے ادھر ادھر ہو کر والدین سے بچھڑ جاتے ہیں اسی طرح نادانستہ کئی چیزیں تبدیل ہو جاتی ہیں یا گم ہو جاتی ہیں ایسی صورت میں دفتر معلومات آپ کی خدمت کے لئے دن رات باقاعدہ کام کرتا ہے۔ لہٰذا جلسہ سالانہ کے دوران آپ کی کوئی چیز لاپتہ ہو جائے یا خدانخواستہ کوئی بچہ لاپتہ ہو جائے تو فوراً دفتر معلومات میں اطلاع دیں۔

● - اسی طرح اگر آپ کو کوئی چیز گری پڑی مل جائے تو اسے اٹھا کر بحفاظت دفتر معلومات میں پہنچا دیں۔

● - کوئی بھٹکا ہوا پریشان حال بچہ نظر آئے تو اسے فوراً دفتر معلومات میں پہنچا دیں۔

● - اپنی قیمتی اشیاء گھڑیوں۔ زیورات اور کمبل وچادر وغیرہ کی خود حفاظت فرماویں۔ یا کسی کے سپرد کر دیں۔

(ناظم معلومات وگمشدہ اشیاء)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اعلان

ناظم صاحب اطفال! کیا آپ نے اپنی مجلس کا بجٹ تشخیص کروا کر منظوری کے لئے مرکز میں بھجوا دیا ہے؟

(سیکرٹری مال مجلس اطفال الاحمدیہ مرکزیہ)

ضروری اعلان

الفضل آپ کا واحد جماعتی روزنامہ ہے اس کی اشاعت بڑھا کر اور اس میں اشتہار بھجوا کر ادارہ سے تعاون کیجئے۔

(منیجر الفضل ربوہ)

اوقاتِ کار

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام مورخہ ۲۶-۲۷-۲۸ دسمبر کو ہمارے اوقاتِ کار مندرجہ ذیل ہوں گے۔

صبح ۸-۰۰ تا ۹-۰۰
شام ۴-۳۰ تا ۹-۳۰

ان ایام کے علاوہ آپ کی خدمت کے لئے ہمارا دفتر روزانہ صبح ۸½ تا شام ۹½ بجے تک کھلا رہے گا انشاء اللہ

میسرز ندیم کنسٹرکٹرز اینڈ پراپرٹی ڈیلرز رحمت بازار ربوہ
فون ۵۲۱/۴۳۱

جلسہ سالانہ کے مبارک موقع پر

احباب جماعت میں ایک عمدہ پیشکش اور ایک بیج جو (۱) کلمہ طیبہ (۲) آیت قرآنی فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ اور

LOVE FOR ALL
HATRED FOR NONE

پر مشتمل ہے خریدیئے۔

تعاون: مائیکرو انجینئرنگ ورکس
چوک اہلحدیث جہلم

شارٹ ٹنڈر نوٹس

محکمہ انہار کو منظور شدہ ٹھیکیداروں سے مندرجہ ذیل کاموں کے سربمہر ٹنڈر مطلوب ہیں

ٹھیکیداران ۸۴-۱۹۸۳ء کے لئے جمع شدہ فیس کی رسید ساتھ لائیں۔

ٹھیکیداران کو کمپوزٹ شیڈول آف ریٹ ۱۹۷۹ء کی بنا پر فیصد ریٹ دینا ہوگا۔

ٹھیکیداران کو زرضمانت کی بصورت ڈیپازٹ کال نیشنل بنک آف پاکستان جھنگ سے داخل کرنا ضروری ہے۔ بصورت دیگر ٹینڈر قابل غور نہیں ہوگا۔

ٹینڈر فارم ہیڈ کلرک سے زیر دستخطی کے دفتر میں بعوض مقررہ قیمت (ناقابل واپسی) حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

کام محکمہ کی منظور شدہ ہدایات اور نقشے کے مطابق ہوگا۔ تفصیلات زیر دستخطی کے دفتر میں کسی روز بھی دفتری اوقات میں دیکھی جا سکتی ہیں۔

ٹینڈر مورخہ ۳ جنوری ۱۹۸۴ء کو بوقت ۱۱ بجے دوپہر زیر دستخطی کے دفتر میں وصول کئے جائیں گے اور اسی وقت حاضر ٹھیکیداران کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

کسی ٹینڈر کو بغیر وجہ بتائے منظور یا مسترد کرنے کا اختیار افسر مجاز کو ہوگا۔ دیگر شرائط ایگریمنٹ کے مطابق ہونگی۔

نمبر شمار	کام کا نام	تخمینہ لاگت	زرضمانت	مدت
(۱)	تریموں بیراج کی نچلی طرف ٹی بیڈ سیریز ۲ کی مرمت کرنا	۷۵,۰۰۰/-	۱۵۰۰/-	دو مہینہ
(۲)	تریموں بیراج کے گیٹوں کو زنگ کرنا	۱,۴۷,۰۰۰/-	۲۷۴۰/-	دوران بندی

ملک نذیر حسین
مہتمم انہار تریموں بیراج ضلع جھنگ

IPL-9818

پندرہویں صدی کا چوتھا جلسہ سالانہ

آؤ لوگو کہ یہیں نور خدا پاؤ گے!

مشہور دواخانہ

فاران فارمیسی کے مجربات

دوائے گرمی	قیمت	چھ روپے
دوائے معدہ	"	تین "
دوائے اٹھرا	"	دس "
فاراتی منجن	"	چار "
سفوف لیکوریا	"	دس "
دوائے خاص	"	چالیس "

تفصیلی لٹریچر مفت حاصل کریں

۱۔ میاں میڈیکل سٹور گول بازار ربوہ
۲۔ فاران دواخانہ دارالیمن شرقی ربوہ

سیل

مردانہ عورتی سوٹ

قیمتوں میں حیرت انگیز کمی
نیز بچوں کے ریڈی میڈ گارمنٹس میں خاص رعایت

پروپرائٹر: ماجد احمد چغتائی
فضل الٰہی مارکیٹ کالج روڈ ربوہ

دلائل قاطعہ

مجموعہ ..... تین صد دلائل جو حقانیت قرآن کریم اور صداقت حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم۔ ماخوذ از براہین ہر چہار حصص ہے۔ زیور طبع سے آراستہ ہو کر پیش کیا جا رہا ہے۔

ہر داعی الی اللہ کا نہایت کارآمد تبلیغی ہتھیار ہے۔ اور معترضین و معاندین اسلام و احمدیت کی تشفی کے لئے بہترین موثر و مفید کتاب ہے۔ جلی کتابت۔ عمدہ طباعت آفسٹ پیپر + دیدہ زیب و پائیدار جلد قیمت صرف ۴۵/- ہے۔ اپنے شہر کی لائبریریوں کے لئے خریدنے والے کو سپیشل رعایت دی جائیگی۔

مرتبہ: عبدالرحمن مبشر رحمانیہ منزل بلاک جی ڈیرہ غازیخان

دماغی اور جلدی

امراض کے علاج اور مشورہ کے لئے جلسہ سالانہ کے موقع پر بالمقابل ایوان محمود اقصیٰ روڈ ربوہ پر ملیں

قاضی دواخانہ چک چٹھہ رجسٹرڈ حافظ آباد گوجرانوالہ

آپ کا اپنا قابل اعتماد ادارہ

مومن اسٹیٹس پراپرٹی ڈیلر ربوہ

ہر قسم کی سکنی جائیداد پلاٹس و مکانات کی خرید و فروخت کیلئے ہم سے رجوع فرمائیں۔ پروپرائٹر:

خواجہ عبدالمومن۔ مومن کلاتھ ہاؤس و مومن اسٹیٹس پراپرٹی ڈیلر
گولبازار ربوہ — فون ۵۱۷

حضرت خلیفۃ المسیح اول رضی اللہ عنہ

کے مجرب نسخہ جات

سرمہ نور رجسٹرڈ

قادیان کا قدیمی مشہور نسخہ

سرمہ نور والوں کا

نورانی کاجل

تیار کردہ

شفاخانہ رفیق حیات

گول بازار۔ ربوہ

جلسہ سالانہ کے موقع پر آنیوالے احباب

کو

اَھْلاً وَّسَھْلاً وَّمَرْحَبًا

اللہ تعالیٰ آپ کے لئے یہ سفر نہایت بابرکت بنائے اور جلسہ سالانہ سے استفادہ کرنے کی پوری توفیق بخشے اور آپ کا حافظ و ناصر ہو۔

حکیم انوار احمد خان دواخانہ حکیم نظام جان
چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ ٹیلیفون ۷۳۹۹۷
اقصیٰ چوک ربوہ۔ فون نمبر ۵۵۸

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْم

قائم شدہ
1975ء

رفیع سنز لمیٹڈ

فورٹریس سٹیڈیم لاہور کینٹ

فون نمبر
372493

نفع ونقصان میں شرکت کی بنیاد پر احباب کے لیے سرمایہ کاری کا موقع

احباب کرام! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! رفیع سنز لمیٹڈ ایک نجی تعمیراتی وتجارتی ادارہ ہے۔ اپنے توسیعی منصوبوں کی تکمیل کے لئے ہم نے ماہ جولائی ۱۹۸۳ء میں اخبار "الفضل" کے ذریعہ یہ پیشکش کی تھی کہ جو احباب نفع ونقصان میں شرکت کی بنیاد پر عارضی سرمایہ کاری کے خواہشمند ہوں۔ ان کا سرمایہ ہم ایک مقررہ مدت کے لئے قبول کرنے کو تیار ہیں۔ اس پیشکش سے فائدہ اٹھانے کی آخری تاریخ ۲۸ جولائی ۱۹۸۳ء تھی۔ چونکہ تاریخ مقررہ کے گزر جانے کے بعد بہت سے احباب نے اس سکیم میں شمولیت کا اشتیاق ظاہر کیا تھا، اس لئے ایسے تمام احباب کی سہولت کے لئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ اس سکیم کے تحت سرمایہ کاری کا ایک اور موقع ۲۴ دسمبر ۱۹۸۳ء تا ۱۰ جنوری ۱۹۸۴ء فراہم کیا جائے:-

شرائط تعاون:

۱- ایک سرمایہ کاری یونٹ پچیس ہزار روپے کی ہوگی۔

۲- ایک فرد کے لئے زیادہ سے زیادہ سرمایہ لگانے کی حد دس یونٹ یعنی ۲½ لاکھ روپے ہوگی

۳- سرمایہ کم سے کم اٹھارہ ماہ (۱½ سال) کے لئے قبول کیا جائے گا۔ اس کے بعد جو سرمایہ کار دوست چاہیں مندرجہ ذیل مدت کا تحریری نوٹس دے کر اپنا روپیہ واپس لے سکتے ہیں۔ یا اگر فرم چاہے تو وہ بھی اتنی ہی مدت کا نوٹس دے کر سرمایہ واپس کر سکتی ہے:-

- ایک یونٹ کی واپسی کے لئے ۲ ماہ
- دو یونٹوں کی واپسی کے لئے ۴ ماہ
- دو سے زیادہ یونٹوں کی واپسی کیلئے ۶ ماہ

۴- رفیع سنز لمیٹڈ کا مالی سال یکم جنوری سے ۳۱ دسمبر تک مقرر کیا گیا ہے۔ ۳۱ دسمبر کو ختم ہونے والے مالی سال کا حساب اگلے ماہ فروری میں مکمل ہوگا اور مارچ میں قابل تقسیم منافع احباب میں (سرمایہ کی مالیت اور مدت استعمال کے تناسب سے) حصہ رسدی تقسیم کر دیا جائیگا

۵- استثنائی صورتوں میں متوقع منافع کا ایک حصہ بطور پیشگی سہ ماہی یا ششماہی بنیاد پر ادا کرنے کا انتظام کیا جا سکتا ہے۔ بشرطیکہ اس کے لئے انفرادی طور پر براہ راست گفت وشنید کے ذریعہ معاملات طے کر لئے جائیں۔ ایسی تمام ادائیگیاں علی الحساب ہوں گی اور سال کے اختتام پر نفع ونقصان کے حتمی حساب میں سے محسوب کر لی جائیں گی۔

درخواستوں کا طریق کار:

۶- مندرجہ شرائط پر جو احباب سرمایہ کاری میں حصہ لینے کی پیشکش کرنا چاہتے ہوں وہ اپنی درخواست بنام رفیع سنز لمیٹڈ سادہ کاغذ پر حسب ذیل کوائف کے ساتھ تحریر کریں اور اپنے دستخطوں کے ساتھ ارسال فرمائیں:-

- نام مع ولدیت
- ڈاک کا مکمل پتہ
- ٹیلیفون نمبر (اگر موجود ہو)
- شناختی کارڈ کا نمبر (فوٹو سٹیٹ کاپی منسلک کی جائے)
- مطلوبہ سرمایہ کاری یونٹوں کی تعداد (۱ تا ۱۰)
- کل رقم جس کا لگایا جانا مطلوب ہے۔
- مدت سرمایہ کاری (کم از کم ۱۸ ماہ)
- دستخط درخواست دہندہ

۷- درخواست کے ساتھ مطلوبہ سرمایہ کاری کی کل مالیت کا بینک ڈرافٹ بحق رفیع سنز لمیٹڈ بحساب پچیس ہزار روپے فی یونٹ، یا نقدی کی صورت میں باخذ رسید داخل کرنا ضروری ہے جس کے بغیر پیشکش پر غور نہیں کیا جائے گا۔

۸- تمام درخواستیں مندرجہ ذیل پتہ پر بالمشافہ داخل کی جائیں گی:-

رفیع سنز لمیٹڈ۔ فورٹریس سٹیڈیم لاہور کینٹ

۹- جو احباب ڈاک کے ذریعہ اپنی درخواستیں بھیجنا چاہیں وہ بذریعہ رجسٹری بیمہ شدہ ڈاک کے ذریعہ ارسال فرمائیں۔

۱۰- جلسہ سالانہ پر تشریف لانے والے احباب کی سہولت کے لئے یہ مزید انتظام کیا گیا ہے کہ وہ اپنی درخواستیں مع مطلوبہ رقوم (بینک ڈرافٹ یا نقدی کی صورت میں) مینیجر مسلم کمرشل بینک ربوہ کے پاس باخذ رسید جمع کروا سکتے ہیں۔

درخواستوں کی وصولی کی تاریخیں:

۱۱- جملہ درخواستیں جو مندرجہ شرائط کے مطابق مکمل ہوں اوقات کار کے درمیان ۲۴ دسمبر ۱۹۸۳ء تا ۱۰ جنوری ۱۹۸۴ء وصول کی جائینگی جمعۃ المبارک اور بینک کی چھٹیوں کے ایام اس سے مستثنیٰ ہوں گے۔

نوٹ:

اگرچہ رفیع سنز لمیٹڈ "کلیتہً" کاروباری ادارہ ہے تاہم اگر کوئی دوست جماعتی رنگ میں تصدیق کے خواہشمند ہوں تو ہم سے رجوع کریں۔ ان کی تشفی کر دی جائے گی۔

خاکسار

محمد وقیع الزمان خان بریگیڈیئر (ریٹائرڈ)

مینیجنگ ڈائریکٹر
رفیع سنز لمیٹڈ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جماعت احمدیہ نے عرب بھائیوں کے مفادات کی ہمیشہ علی الاعلان حمایت کی ہے

بیرونی مشنوں کے ڈائریکٹر وکیل التبشیر مسعود احمد جہلمی صاحب کی طرف سے جاری کردہ پریس ریلیز

ربوہ (پ ر) جماعت احمدیہ کے بیرونی مشنوں کے ڈائریکٹر مکرم مسعود احمد جہلمی صاحب وکیل التبشیر نے روزنامہ نوائے وقت لاہور کے ۱۸ دسمبر ۱۹۸۳ء کے شمارے میں شائع ہونے والے ایک مولوی صاحب کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے اسرائیل میں جماعت احمدیہ کے وجود کے بارے میں بعض ضروری امور کی وضاحت کی ہے اور بڑی سختی اور شدت سے تردید کی ہے کہ عرب اسرائیل جنگ کے دوران کسی احمدی نے اسرائیل کی حمایت میں کوئی تقریر کی ہے۔

اس پریس ریلیز میں جو آج یہاں جاری کی گئی ہے یہ کہا گیا ہے کہ یہ ایک شرمناک جھوٹ پر مبنی ایسا الزام ہے جس نے احمدیوں کے دلوں کو سخت زخمی کیا ہے کیونکہ جماعت احمدیہ نے ہمیشہ اپنے عرب بھائیوں کے مفاد کی علی الاعلان حمایت کی ہے۔ اور جماعت احمدیہ کے خلفاء نے ابتداء سے ہی اسرائیل کے وجود کو عالم اسلام کے لئے ایک سنگین خطرہ قرار دیا ہے اور تمام مسلمانوں کو متحد ہو کر اس کے مقابلہ کی تلقین کی ہے۔ جس سے متاثر ہو کر عرب عمائدین و اخبارات نے خلفائے احمدیت کے ان اقدامات کو بنظر تحسین دیکھا ہے۔

بیان کے ایک دوسرے حصے کے بارے میں وکیل التبشیر نے کہا ہے کہ مولوی صاحب موصوف نے یہ عجیب و غریب منطق پیش کی ہے کہ اگر جماعت احمدیہ اسرائیل کے قیام سے قبل اسرائیل میں قائم تھی تو اسرائیل کے قیام کے بعد یہاں پر جماعت احمدیہ کو ختم کر دینا چاہیئے۔

وکیل التبشیر نے پریس ریلیز میں اس ساری صورت حال کی تفصیلی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل کے وجود میں آنے سے قریباً بیس سال قبل دیگر عرب ملکوں کی طرح فلسطین میں بھی جماعت احمدیہ قائم تھی اور یہ جماعت فلسطینی عربوں پر مشتمل تھی۔ قیام اسرائیل کے بعد لاکھوں عربوں کو فلسطین سے ہجرت کرنے پر مجبور کر دیا گیا۔ ان ہجرت کرنے والے عربوں میں کئی احمدی بھی شامل تھے جو ہجرت کر گئے لیکن اس کے باوجود سو فی صدی عربوں نے ہجرت نہیں کی بلکہ اب بھی وہاں پر قریباً پندرہ لاکھ فلسطینی آباد ہیں۔ ان میں احمدی فلسطینی بھی شامل ہیں جس طرح دیگر عرب مسلمانوں کی مساجد تعلیمی ادارے، کاروبار وغیرہ اسرائیل میں موجود ہیں۔ اسی طرح سے اسرائیل میں احمدی عربوں پر مشتمل جماعت اور ان کی مسجد و مدرسہ وغیرہ قائم ہیں۔

اگر مولوی صاحب مذکور کی یہ منطق صحیح ہے کہ احمدیوں کو اسرائیل کے قیام کے بعد وہاں سے کاملاً نکل جانا چاہیئے تھا تو ان مولوی صاحب کے حملہ کی زد ان تمام فلسطینی عربوں پر پڑتی ہے جو اسرائیل کے قائم ہونے کے بعد بھی وہاں موجود ہیں اور پھر فلسطینی عرب مزید نامساعد حالات میں بھی مقبوضہ علاقوں میں جس صبر و استقلال کے ساتھ رہ رہے ہیں اسے عرب زعماء نے بنظر تحسین دیکھا ہے۔ نیز یہ امر بھی واضح رہے کہ اسرائیل تو چاہتا ہی یہ ہے کہ اس کی سرزمین سے سارے عرب مسلمان چلے جائیں تاکہ مسجد اقصیٰ سمیت مسلمانوں کے تمام مذہبی مقامات کے بارہ میں اپنے مذموم عزائم کو بروئے کار لانے میں کوئی روکاوٹ اس کی راہ میں حائل نہ رہے۔

اگر مولوی صاحب یہی چاہتے ہیں جو اسرائیل چاہتا ہے تو حکومت کو اس کا سنجیدگی سے نوٹس لینا چاہیئے۔ اور یہ معلوم کرنا چاہیئے کہ اسرائیل کی حمایت میں ایسا بیان دینے والے مولوی صاحب کے اسرائیل سے کیا روابط ہیں۔

(مرسلہ انچارج شعبہ پبلسٹی وکالت تبشیر تحریک جدید۔ ربوہ)

لوکل • جرمنی • امریکن تھوک و پرچون ادویات کی خریداری،
صحیح تشخیص اور مخلصانہ مشورہ کیلئے تشریف لائیں ◀ صوفی ہومیو شفاخانہ رحمت بازار ربوہ

اکسیر گلٹی پستان
(دودھل جانوروں کیلئے)
ایک ہفتہ کا کورس قیمت ۲۱/ روپے
تفصیلات کیلئے
کیوریٹو ویٹرنری گائیڈ حاصل کریں
کیوریٹو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ
ربوہ فون ۶۰۶/۶۰۷

جلسہ سالانہ کے مبارک موقع پر
طالب علموں کے لئے کاپیوں پر لگانے والے سٹیکر ہمارے ہاں سے حاصل کریں
منیجر دواخانہ نظام جان
اقصیٰ چوک۔ ربوہ

سیکسوئین کیپسول
نفیس منجن
اکسیر بواسیر
النور کا جل
حب اٹھرا
سرمہ نور العین
سالہا سال سے آزمودہ نسخہ جات
الیاس دواخانہ
اقصیٰ روڈ ربوہ

جلسہ سالانہ پر آنے والے احباب کو
خوشخبری
حضرت حکیم نظام جان رح
کا
مشہور دواخانہ (رجسٹرڈ) گوجرانوالہ
عورتوں کے معائنہ کا معقول انتظام موجود ہے
منیجر: محمود احمد
اقصیٰ چوک تردلیہ بکس ربوہ

نرینہ اولاد سے محروم بے اولاد دکھی عورتوں کیلئے
پُر امید واحد علاج گاہ
حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان
۱۹۱۱ء سے ایک ہی نام
دکھی مخلوق کی خدمت میں مصروف
دواخانہ حکیم نظام جان
چوک گھنٹہ گھر، گوجرانوالہ
فون ربوہ ۵۵۸
فون: ۷۳۹۹۷
اقصیٰ چوک ربوہ پوسٹ بکس ۲۲۲